## سوال

بیوی کے ساتھ ہمبستری

## جواب

حیض کا خون رک جانے کے بعد غسل سے پہلے جماع کرنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ بیوی کے ساتھ حیض کے پانچویں دن جب حیض کا خون آنا بند ہوگیا ہو، مگر ابھی تک بیوی نے غسل نہ کیا ہو ہمبستری کی جا سکتی ہے یا نہیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس سلسلے میں اہل علم کے ہاں دو قول پائے جاتے ہیں۔ مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ کے جمہور فقہاء کے نزدیک حیض منقطع ہو جانے کے بعد غسل سے پہلے جماع کرنا جائز نہیں ہے۔ جبکہ احناف کے نزدیک اگر حیض کا خون اپنی آخری مدت پر منقطع ہو جائے تو غسل سے پہلے جماع کیا جا سکتا ہے۔ لیکن مستحب غسل کے بعد ہی ہے۔ اور اگر کوئی شخص لاعلمی میں ایسا کر بیٹھتا ہے تو اس پر کوئی کفارہ نہیں ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر (13013)

http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/13013/23/ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث